**B**

**CCE RR/PR/NSR/NSPR**
**Reduced Syllabus**

ಕರ್ನಾಟಕ ಶಾಲಾ ಪರೀಕ್ಷೆ ಮತ್ತು ಮೌಲ್ಯನಿರ್ಣಯ ಮಂಡಲಿ,
ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು – 560 003

**KARNATAKA SCHOOL EXAMINATION AND ASSESSMENT BOARD,**
**MALLESHWARAM, BENGALURU – 560 003**

ಜೂನ್ 2024 ರ ಪರೀಕ್ಷೆ - 2
**JUNE 2024 EXAMINATION - 2**

ಮಾದರಿ ಉತ್ತರಗಳು
**MODEL ANSWERS**

ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : **12-U** **Code No. : 12-U**

ವಿಷಯ : **ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು**
Subject : **FIRST LANGUAGE - URDU**

(ಶಾಲಾ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಖಾಸಗಿ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಎನ್.ಎಸ್.ಆರ್. / ಎನ್.ಎಸ್.ಪಿ.ಆರ್.)
(**Regular Repeater / Private Repeater / NSR / NSPR**)

ದಿನಾಂಕ : 14. 06. 2024 ] [ ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100
**Date : 14. 06. 2024 ]** **[ Max. Marks : 100**

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| I. | درجِ ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیئے گئے ہیں۔صحیح جواب منتخب کر کے لکھئے : <br> **6 x 1 = 6** | |
| 1. | صورت کے لحاظ سے جملے کی دو قسمیں یہ ہیں۔ <br> (A) جملۂ فعلیہ اور جملۂ اسمیہ (B) جملۂ انشائیہ اور جملۂ اسمیہ <br> (C) جملۂ مرکب اور جملۂ فعلیہ (D) جملۂ مفرد اور جملۂ مرکب | |
| | جواب : (D) جملۂ مفرد اور جملۂ مرکب | 1 |

| سوال نمبرات | اہم نکات/ اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .2 | جس جملے میں مسند اور مسند الیہ اسم ہو وہ جملہ کہلاتا ہے۔ | |
| | (A) جملۂ مفرد (B) جملۂ مرکب | |
| | (C) جملۂ اسمیہ (D) جملۂ فعلیہ | |
| | جواب : (C) جملۂ اسمیہ | 1 |
| .3 | ان جملۂ انشائیہ میں شرط کی مثال ہے۔ | |
| | (A) ''اگر محنت نہ کرتے تو کامیاب نہ ہوتے۔'' | |
| | (B) ہائے ! یہ تباہی دیکھی نہیں جاتی۔ | |
| | (C) میری ضرورت پوری کردیں۔ | |
| | (D) واللہ کمال کا آدمی ہے۔ | |
| | جواب : (A) ''اگر محنت نہ کرتے تو کامیاب نہ ہوتے۔'' | 1 |
| .4 | وہ منظوم کلام جس کا ہر شعر معنی کے اعتبار سے مکمل ہوتا ہے۔ | |
| | (A) حمد (B) نعت | |
| | (C) غزل (D) قصیدہ | |
| | جواب : (C) غزل | 1 |
| .5 | چال جیسے کڑی کمان کا تیر<br>دل میں ایسے کہ جا کرے کوئی | |
| | اس شعر میں استعمال ہوئی صنعت کا نام ہے۔ | |
| | (A) صنعتِ تلمیح (B) صنعتِ تضاد | |
| | (C) صنعتِ استعارہ (D) صنعتِ تشبیہہ | |
| | جواب : (D) صنعتِ تشبیہہ | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | مرکب مطلق کی تعداد ہے۔ | .6 |
| | (A) دو (B) چار | |
| | (C) چھ (D) آٹھ | |
| 1 | جواب : (B) چار | |
| 4 × 1 = 4 | پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے : | .II |
| | وقت : اوقات : : مقام : ......... | .7 |
| 1 | جواب : مقامات | |
| | ایک آنکھ سے دیکھنا : سب کو یکساں سمجھنا : : بھسم کردینا : ......... | .8 |
| 1 | جواب : جلا دینا، تباہ و برباد کردینا۔ | |
| | آفت : مصیبت : : ذوق : ......... | .9 |
| 1 | جواب : شوق، لطف، خوشی | |
| | شیریں : تلخ : : نیک مزاج : ......... | .10 |
| 1 | جواب : بدمزاج | |
| 7 × 1 = 7 | درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : | .III |
| | بڑی حویلی کی دیوٹ پر ایک دیا کسے قرار دیا گیا ہے ؟ | .11 |
| 1 | جواب : بڑی حویلی کی دیوٹ پر ایک دیا ''اماں'' کو قرار دیا گیا ہے۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | احمد نگر کی جیل میں پنڈت نہرو نے کس کی مدد سے اُردو سیکھی ؟ | .12 |
| 1 | جواب : احمد نگر کی جیل میں پنڈت نہرو نے مولانا ابوالکلام آزادؔ سے اردو سیکھی۔ | |
| | لالہ جی دوسرے دن صبح چھ بجے جگانے پر مصنف نے کیا خیال کیا ؟ | .13 |
| 1 | جواب : لالہ جی کا جگانا تو محض ایک سہارا تھا۔ ہم خود ہی خواب ختم ہونے پر جاگ جاتے۔ | |
| | امیر خسرو نے ابتداء میں کیا تخلص اختیار کیا ؟ | .14 |
| 1 | جواب : امیر خسرو نے ابتداء میں ''سلطانیؔ ''تخلص اختیار کیا۔ | |
| | دِم وداع شاعرہ کس سے بخشش کی طلب گار ہے ؟ | .15 |
| 1 | جواب : دِم وداع شاعرہ اللہ تعالیٰ سے بخشش کی طلب گار ہے۔ | |
| | نظم ''رشوت'' میں شاعر اپنی بستی کو کن لوگوں کا پاگل خانہ کہہ رہا ہے ؟ | .16 |
| 1 | جواب : نظم ''رشوت'' میں شاعر اپنی بستی کو ''ناصحوں'' پاگل خانہ کہہ رہا ہے۔ | |
| | ابتداء میں نسلِ آدم کو کیا آزادیاں نصیب تھیں ؟ | .17 |
| 1 | جواب : ابتداء میں انسان جہاں چاہے جاسکتا تھا اور اپنا مسکن بنا سکتا تھا۔ | |
| | درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : **10 × 2 = 20** | **.IV** |
| | نویں ذی الحجہ کو عازمینِ حج نے کیا کِیا ؟ | .18 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ نویں ذی الحجہ کو عازمینِ حج، صبح کی نماز پڑھ کر 'منیٰ' سے روانہ ہوئے۔ | |
| 1 | ☆ عرفات آ کر ٹھہرے، دوپہر ڈھل گئی تو حضور ﷺ قصوا پر سوار ہو کر حج کا خطبہ دیا۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | بڑی حویلی کا ذکر مصنفہ کو بیش قیمت کیوں لگتا ہے ؟ | .19 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ بڑی حویلی کا ذکر آتے ہی دل میں محبت جاگ جاتی ہے جو آج بیش قیمت معلوم ہوتی ہے۔ | |
| 1 | ☆ ساری پابندیاں جن سے دل دکھتا تھا۔ وہ شب و روز جن سے زمانے کی شکایتیں بھی ہوئیں آج اتنی دور سے دل کشا اور دلربا نظر آتے ہیں۔ | |
| | قاضی عبدالودود نے کملا نہرو کے اردو سے شغف کے بارے میں کیا کہا ؟ | .20 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ قاضی عبدالودود کے مطابق کملا نہرو اُردو جانتی تھیں۔ سوئٹزرلینڈ کے ایک نرسنگ ہوم میں زیر علاج تھے۔ | |
| 1 | ☆ برآمدے میں کملا نہرو آرام کرسی پر دراز اُردو کی کتابیں پڑھا کرتی تھیں۔ | |
| | مصنف نے لالہ جی کے سامنے صبح کی تعریف کس طرح کی ؟ | .21 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ لالہ جی صبح کے وقت دماغ کیا صاف ہوتا ہے۔ | |
| 1 | ☆ جو پڑھو خدا کی قسم یاد ہو جاتا ہے۔ بھئی خدا نے صبح بھی کیا چیز بنائی ہے۔ یعنی اگر صبح کی بجائے صبح صبح شام ہوا کرتی تو دن کیا بری طرح کٹتا۔ | |
| | موسیقی کی دنیا میں امیر خسرو کی ایجادات کیا تھیں ؟ | .22 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ ہندوستانی اور ایرانی موسیقی کے امتزاج سے نئے سُر ایجاد کئے۔ اس لئے وہ مختلف سُروں کے مُوجد کہلائے۔ | |
| 1 | ☆ قوالی کی موجودہ طرز ان ہی کی ایجاد ہے۔ آلۂ موسیقی ستار کی ایجاد کا سہرا آپ ہی کے سر ہے۔ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .23 | حضرت امام حسینؓ کے قدموں سے کون لپٹا تھا ؟ شاہِ دین کو روکنے کے لئے سکینہ نے کیا کیا ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ حضرت امام حسینؓ کے قدموں سے بیوی شہر بانوؓ لپٹ گئی۔ | 1 |
| | ☆ شاہِ دین کو روکنے کے لئے سکینہؓ نے پٹکے کو زور سے پکڑا۔ | 1 |
| .24 | حضرت اِمام حسینؓ کے رختِ سفر باندھتے ہی کونسا منظر سامنے آیا ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ عَلَم کُھل گئے، ہر طرف غل مچ گیا اور امام حسینؓ کو دیکھ کر اہلِ بیت رونے لگے۔ | 1 |
| | ☆ حضرت امام حسینؓ کی بیوی 'شہر بانوؓ' قدموں سے لپٹ کر رونے لگی۔ | 1 |
| .25 | ملک کی سرحدوں میں بٹے آدمی کی بے بسی کو شاعر نے کس طرح بیان کیا ہے ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ شاعر کہتے ہیں خدا نے جب زمین بنائی تو اس پر نسلِ آدم کو ساری آزادیاں تھیں۔ | 1 |
| | ☆ انسان نے زمین پر کئی آڑی ترچھی لکیریں کھینچ کر سرحدیں بنالی ہیں۔ اور آج انسان خود بے بس بن گیا ہے وہ چاہ کر بھی ہر جگہ نہیں جاسکتا۔ | 1 |
| .26 | ''سرحدوں کا جال'' نظم میں شاعر کیا کہنا چاہتا ہے ؟ | |
| | جواب : | |
| | شاعر سلیمان خمارؔ ''سرحدوں کا جال'' نظم میں کہتے ہیں کہ | |
| | ☆ خدا نے جب زمین بنائی تو اُس وقت ساری دنیا ایک سادہ میدان تھیں۔ کسی ملک کی سرحدیں نہیں تھیں۔ | 1 |
| | ☆ انسان جہاں چاہے جاسکتا تھا اپنا مسکن بناسکتا تھا۔ اب خود آڑی ترچھی لکیریں کھینچ کر آزادیاں ختم کرچکا ہے اور اپنے ہی بنائے ہوئے جال میں پھنس گیا ہے۔ | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | شاؔد عظیم آبادی نے رباعی میں کونسی حقیقت بیان کی ہے ؟ | .27 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ شاعر شاؔد عظیم آبادی دنیا کی حقیقت کو بیان کر رہے ہیں کہ یہ دنیا کا نظام ہے جس میں دن اور رات ہے۔ | |
| 1 | ☆ لوگ یہاں آتے جاتے رہینگے مگر یہ دنیا تا حشر تک ایسے ہی قائم رہیگی جیسی اب ہے۔ | |
| **11 × 3 = 33** | **درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے :** | **V.** |
| | **متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے :** | |
| | ''مجھے اردو کے بارے میں بالکل فکر نہیں۔ وہ ایک جان دار زبان ہے۔'' | .28 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ جملہ ''جواہر لال نہرو کی اردو دوستی'' سبق سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس کے مصنف 'محمد رفیع انصاری' ہیں۔ | |
| 1 | ☆ یہ جملہ پنڈت نہرو نے 1958ء کو انجمن ترقی اُردو ہند کے کل ہند کانفرس میں خطاب کرتے ہوئے یہ جملہ کہا۔ | |
| | ''اور کیا تین بجے ہی سورج نکل آئے گا۔'' | .29 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ جملہ ''سویرے جو کل آنکھ میری کھلی'' سبق سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس کے مصنف 'پطرس بخاری' ہیں۔ | |
| 1 | ☆ یہ جملہ مصنف کے پڑوسی لالہ کرپا شنکر جی نے کہا جب مصنف نے کہا لالہ جی آپ سحر خیز ہیں ذرا ہمیں جگا دیجئے جس پر لالہ جی نے صبح تین بجے جگا دیا تو مصنف نے کہا آج یہ کیا بات ہے کچھ اندھیرا سا ہے تو لالہ جی نے یہ جملہ کہا۔ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| 30. | ’’پھر سارا دیش ہمارے محلے جیسا کیوں نہ بنے۔‘‘ | |
| | جواب : | |
| | ☆ یہ جملہ ’’درشٹی‘‘ سبق سے لیا گیا ہے۔ | 1 |
| | ☆ اس کے مصنفہ ’زہرہ جمال‘ ہیں۔ | 1 |
| | ☆ یہ جملہ مجمع میں بیٹھی اندو متی سوچ رہی تھی سچ کہہ رہے ہیں ودیا چرن جی۔ ہمارے محلے میں سب ہی ذاتوں اور دھرموں کے لوگ مل کر رہتے ہیں وقت بے وقت ایک دوسرے کے کام آتے ہیں۔ | 1 |
| | **درجِ ذیل نثر نگار کا تعارف لکھئے :** | |
| 31. | اداؔ جعفری | |
| | جواب : | |
| | ☆ نام – اداؔ جعفری۔ اصلی نام – عزیز جہاں اور اداؔ تخلص۔ | |
| | ☆ حیات – ولادت : 22 اگست 1926ء بدایوں شہر۔ | |
| | وفات : 12 مارچ 2015ء میں کراچی میں ہوئی۔ | 1 |
| | ☆ تصانیف – 24 برس کی عمر میں پہلا شعری مجموعہ ’’میں ساز ڈھونڈتی رہی۔‘‘ | 1 |
| | ☆ شعری مجموعے – ’’میں ساز ڈھونڈتی رہی‘‘ ’’غزالاں تم تو واقف ہو‘‘، ’’شہرِ سخن بہانہ ہے‘‘ اور ’’شہرِ درد‘‘۔ | 1 |
| | اُردو کی اچھی نثر نگار بھی ہیں۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | **درجِ ذیل شاعر کا تعارف لکھئے:** | |
| | ماہرؔ القادری | .32 |
| | جواب : | |
| | ☆ نام — منظور حسین قادری۔ قلمی نام — ماہرؔ القادری | |
| | ☆ حیات — ولادت : 1906ء میں ضلع کیر کلاں، بلند شہر، اتر پردیش۔ | |
| 1 | وفات : 1978ء میں پاکستان۔ | |
| | ☆ قابلیت — آپ کے بے لاگ تبصرے ادبی طبقے میں مقبول ہیں۔ ماہانہ ''فاران'' | |
| 1 | کی ادارت کا فریضہ بھی نبھایا۔ | |
| | ☆ تضانیف — نعتیہ نظم ظہور قدسی (سلام) | |
| 1 | ☆ مجموعہ کلام — ''جذباتِ ماہر''، ''محسوسات ماہر'' اور ''ذکر جمیل''۔ | |
| | **درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :** | |
| | یہ عشق نے دیکھا ہے، یہ عقل سے پنہاں ہے | .33 |
| | قطرے میں سمندر ہے، ذرّے میں بیاباں ہے | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ شعر ''اصغر گونڈوی'' کی غزل سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ یہ عقل کے بس کی بات نہیں یہ عشق کا کمال ہے۔ | |
| 1 | ☆ جس نے قطرہ میں سمندر اور ذرّہ میں بیاباں کو دیکھا ہے۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | یہ جنت مبارک رہے زاہدوں کو | .34 |
| | کہ میں آپ کا سامنا چاہتا ہوں | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ شعر علامہ اقبالؔ کی غزل سے ماخوذ ہے۔ | |
| | ☆ شاعر کہتے ہیں اے خدا جنت ان لوگوں کو دیدے جو تیری عبادت کر کے جنت حاصل | |
| 1 | کرنا چاہتے ہیں۔ | |
| 1 | ☆ میں تیرا سچّا عاشق ہوں، تیرا دیدار ہی میرے لئے جنت ہے۔ | |
| | ہنگامہ زارِ عشق میں کیا کچھ نہیں کیا | .35 |
| | پھولوں سے نرم لوگ بھی پتھر میں ڈھل گئے | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ شعر ''حمید الماس'' کی غزل سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ شاعر کہتے ہیں جب میرے عشق کا راز سب کو معلوم ہوا تو ہر طرف ہنگامہ ہونے لگا۔ | |
| 1 | ☆ جو میرے دوست و عزیز نرم دل کے تھے وہ بھی پتھر دل بن گئے۔ | |
| | ایک لفظ میں جواب دیجئے : | .36 |
| | (i) پیغام پہنچانے والا = .................... | |
| | (ii) ہدایت کرنے والا = .................... | |
| | (iii) مہارت رکھنے والا = .................... | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | جواب : | |
| 1 | (i) پیغمبر | |
| 1 | (ii) ہادی | |
| 1 | (iii) ماہر | |
| | جملۂ فعلیہ کی تعریف مع مثال لکھئے۔ | .37 |
| | جواب : | |
| 2 | ☆ ''جملۂ فعلیہ وہ جملہ ہے جس میں مسند الیہ اسم اور مسند فعل ہوتا ہے۔'' | |
| | ☆ مثلاً : اماں لاٹھی کے سہارے چلتی ہیں۔ | |
| 1 | اماں — اسم ہیں اور چلتی فعل ہے۔ | |
| | (نوٹ : کوئی دوسری مثال بھی دے سکتے ہیں) | |
| | صنعتِ تلمیح کی تعریف مع مثال لکھئے۔ | .38 |
| | یا | |
| | صنعتِ تکرار کی تعریف مع مثال لکھئے۔ | |
| | جواب : | |
| 2 | ☆ کلام میں کسی واقعہ، قصّہ یا کسی مذہبی روایت کی طرف اشارہ کرتا ہے تو اسے ''صنعتِ تلمیح'' کہتے ہیں۔ | |
| | ☆ مثلاً : کیا کِیا خضرؑ نے سکندر سے | |
| 1 | اب کسے رہنما کرے کوئی | |
| | (نوٹ : مثال میں کوئی دوسرا تلمیح کا شعر لکھ سکتے ہیں) | |
| | یا | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | جواب : | |
| | ☆ کسی شعر میں ایک ہی لفظ کو بار بار دُہرایا جاتا ہے۔ اُسے صنعتِ تکرار یا صنعتِ تکریر | |
| 2 | کہا جاتا ہے۔ | |
| | ☆ مثلاً : اصغؔر سے ملے، لیکن اصغؔر کو نہیں دیکھا | |
| 1 | اشعار میں سنتے ہیں، کچھ کچھ وہ نمایاں ہے | |
| | (نوٹ : مثال میں کوئی دوسرا صنعت تکرار سے تعلق شعر لکھ سکتے ہیں) | |
| | **درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : 5 × 4 = 20** | **VI.** |
| | اپنی نصابی کتاب میں شامل 'حمد' کے کوئی چار اشعار لکھئے۔ | 39. |
| | یا | |
| | اپنی نصابی کتاب میں شامل ''نعت'' کے ابتدائی چار اشعار لکھئے۔ | |
| | جواب : | |
| | حمد :- | |
| | صدائے کن سے ابد تک شباب تیرا ہے | |
| 1 | عیاں بھی تو ہے اور پنہاں حجاب تیرا ہے | |
| | کسی بھی در سے اُجالوں کی بھیک کیا مانگیں | |
| 1 | اندھیری شب بھی تری آفتاب تیرا ہے | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | صنم ترے ہیں، خدا ناشناس بھی تیرے | |
| 1 | نمازِ عشق کا ہر اک نصاب تیرا ہے | |
| | رضا تری ہے، غفورالرّحیم بھی تو ہے | |
| 1 | غضب وقہر بھی تیرا، ثواب تیرا ہے | |
| | دمِ وداع ہے صغریٰ کو بخش دے یا رب | |
| | تو یومِ دین کا مالک، حساب تیرا ہے | |
| | **یا** | |
| | **نعت :۔** | |
| | کچھ کفر نے فتنے پھیلائے ، کچھ ظلم نے شعلے بھڑکائے | |
| 1 | سینوں میں عداوت جاگ اُٹھی، انسان سے انساں ٹکرائے | |
| | پامال کیا برباد کیا، کمزور کو طاقت والوں نے | |
| 1 | جب ظلم وستم حد سے گذرے تشریف محمدؐ لے آئے | |
| | رحمت کی گھٹائیں لہرائیں، دنیا کی اُمیدیں برآئیں | |
| 1 | اِکرام وعطا کی بارش کی، اخلاق کے موتی برسائے | |
| | تہذیب کی شمعیں روشن کیں، اونٹوں کے چَرانے والے نے | |
| 1 | کانٹوں کو گلوں کی قیمت دی، ذرّوں کے مقدر چمکائے | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | **کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے :** | 40. |
| | (i) جگنو (ii) رشوت | |
| | جواب : | |
| | (i) جگنو | |
| | ☆ ماں کی یاد میں لکھی ایک تاثراتی نظم ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس نظم میں ایک یسیر بچے کا درد سمایا ہوا ہے۔ | |
| | ☆ بیس برس کے اس نوجوان کے جذبات قلم بند ہیں جس کی پہلی سانس ہی ماں کی موت کا سبب بنی۔ | |
| 1 | ☆ میرے جنم کے دن ہی میری ماں مر گئی۔ نہ وہ مجھے دیکھ سکی اور نہ میں انہیں دیکھ سکا۔ | |
| | ☆ میں ایسا بدنصیب بچہ ہوں جسے کھائیوں اور دائیوں نے پالا تھا۔ | |
| | ☆ جب بھی برسات کا موسم آتا اور آسمان میں بادل چھا جاتے اور شام کے وقت جگنو دکھائی دیتے۔ | |
| 1 | ☆ وہ دائیاں مجھے تسلّی دینے کے لئے کہتی ہیں ساری بھولی بھٹکی روحون کو جگنو راستہ دکھاتے ہیں۔ | |
| | ☆ اُس وقت اُن کی باتوں کو سُن کر کھو جاتا تھا۔ | |
| | ☆ میری ماں کو یاد کر کے بہت رونا آتا تھا۔ | |
| 1 | ☆ میرے دل میں خیال آتا کاش میں بھی جگنو بن جاتا اور اپنی ماں کی بُھولی بھٹکی روح کو راستہ دکھا کر گھر لے آتا۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ☆ یہ سوچ کر جگنوؤں کے قریب چلا جاتا ہوں۔ | |
| | ☆ ماں کو یاد کر کے ہچکیاں آنے لگتیں ہیں۔ | |
| | ☆ اب زمانہ بدل گیا ہے۔اب بھی ہمارے شہر میں برساتیں آتیں ہیں بادل چھاتے ہیں اور جگنو اب بھی دکھائی دیتے ہیں۔ | |
| | ☆ مگر میں سچ جان چکا ہوں کہ کسی روح کو جگنو راہ نہیں دکھاتے۔ | |
| | ☆ بچپن کی ساری باتیں جھوٹ تھیں۔مگر وہ جھوٹ بھی کتنا حسین تھا جو بچپن میں تسلی دیتا مگر آج عمر کے تقاضے نے اُسے چھین لیا ہے۔ | |
| | یا | |
| | (ii) **رشوت** | |
| 1 | ☆ رشوت نظم کے شاعر جوشؔ ملیح آبادی ہیں۔ | |
| 1 | ☆ شاعر کے مطابق لوگ رشوت کو ایک بری عادت کہتے ہوئے چھوڑنے کی نصیحت کرتے ہیں۔ | |
| 1 | ☆ رشوت کے خلاف اخباروں میں شائع ہونے والے بیانات اور اُس کو روکنے کی کوششیں گویا احمقانہ عمل ہے۔ | |
| 1 | ☆ کیونکہ رشوت میں ہر کوئی مبتلا ہے۔ان سب کو قید کرنا ممکن نہیں۔ | |
| | ☆ رشوت کو ختم کرنے کی بات کرنے والے ایسے ہیں جیسے کوئی ریت میں کشتی چلانے کی بات کر رہا ہو۔ | |
| | ☆ رشوت کو اگر ختم کرنا چاہتے ہیں تو خون چوسنے والی صنعتوں، سرمایہ داری کی بدبختی کو روکنا ہے۔ | |
| | ☆ کم تنخواہ دینے کی بخیلی اور بڑھتی ہوئی مہنگائی پر روک لگائی جائے تو رشوت پر قابو پایا جاسکتا ہے۔ | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | حجۃالوداع کے موقعہ پر دئے گئے خطبہ کے دوران حضور ﷺ نے ایام جاہلیت، غلام اور خدام، امراء اور حکام کے متعلق کیا ارشاد فرمایا ؟ | .41 |
| | جواب : | |
| | ☆ جاہلیت کے سارے دستور اور رسم ورواج میرے دونوں پاؤں کے نیچے ہیں۔ | |
| | ☆ جاہلیت کے سارے خون کے بدلے ختم کر دیئے گئے اور سب سے پہلے میں اپنے خاندان کا خون ربیعہ بن حارث کے بیٹے کے انتقامی خون کے بدلہ لینے کا حق چھوڑتا ہوں۔ | |
| 1 | یعنی دشمن کو معاف کرتا ہوں۔ | |
| 1 | ☆ عورتوں کے معاملے میں خدا سے ڈرو، تمہارا حق عورتوں پر ہے اور عورتوں کا تم پر ہے۔ | |
| 1 | ☆ اپنے غلاموں کے حق میں انصاف کرو۔ جو خود کھاؤ وہ ان کو کھلاؤ اور جو خود پہنو وہ ان کو پہناؤ۔ | |
| | ☆ آپس میں تمہاری جان اور تمہارا مال ایک دوسرے کے لیئے قیامت تک اتنا ہی عزت کے قابل ہے۔ | |
| 1 | ☆ اگر تم پر ایک کالا نکٹا غلام بھی سردار بنا دیا جائے جو تم کو خدا کی کتاب کے مطابق لے چلے تو اس کا کہا ماننا۔ اپنے پروردگاری کی پرستش کرنا۔ | |
| | ☆ پانچوں وقتوں کی نمازیں پڑھنا، رمضان کے مہینے کا روزہ رکھنا اور میرے حکموں کو ماننا۔ تم اپنے پروردگار کی جنت میں داخل ہوگے۔ | |
| | ودیا چرن جی نے آپریشن کے بعد کی تقریر میں بھارت کے متعلق کیا کہا ؟ | .42 |
| | یا | |
| | امیر خسرو کی شاعرانہ اور فنکارانہ صلاحیتوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ بھارت ایک ماں ہے۔ | |
| | ☆ اے ہندوؤ، مسلمانو، سکھو، عیسائیو، پارسیو اور دوسرے دھرموں کے پالن کرنے والو۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 1 | ☆ آج یہ ماں اتنے بڑے سنکٹ میں ہے جہاں کوئی سچا مارگ درشک نہیں رہا۔ | |
| | ☆ بھائیو ! ہم ماضی کے کھنڈروں میں تاریخ کے آثار دیکھ رہے ہیں اور ہمارے جوان | |
| 1 | بچے روٹی روزی کو ترس رہے ہیں۔ | |
| 1 | ☆ کھنڈر چاہے کسی دور کا ہو، دھارمک ہو یا نہ ہو اس میں ابابلیں اور چمگادڑیں رہتی ہیں۔ | |
| | ☆ ہمارے گھر جن کے آنگنوں میں ہمارے بالک دودھ مانگ رہے ہیں، | |
| | ☆ ماں سے روٹی مانگ رہے ہیں، | |
| 1 | ☆ کپڑا صابن مانگ رہے ہیں، ہماری توجہ اپنی طرف کھینچ کھینچ کر کہہ رہے ہیں، | |
| | ☆ جو مرچ مسالا چار آنے سیر ملتا تھا، پچاس، سو اور ڈیڑھ سو روپیئے کلو ہو گیا ہے۔ | |
| | ☆ اگر ہم پراچین کال کے کھنڈروں میں جا کر سنیاس لے لیں تو بازار یں جرمن کی طرح | |
| | ایک کلو آلو بھی لاکھوں کے ملیں گے۔ | |
| | (نوٹ: کوئی چار نکات پر پورے نشانات دیں) | |
| | **یا** | |
| | جواب : | |
| | ☆ امیر خسرو نے کم عمری میں خطاطی کا فن سیکھا۔ | |
| | ☆ امیر خسرو نے فی البدیہہ شعر کہہ کر خواجہ صاحب کو حیرت میں ڈال دیا۔ | |
| 1 | ☆ امیر خسرو نے پہلے اپنا ''سلطانی ''، تخلص اختیار کیا۔ | |
| | ☆ امیر خسرو کی مقبولیت کا یہ عالم تھا کہ درباری موسیقار اور رقاصائیں ان کے غزلیں گایا | |
| 1 | کرتی تھیں ہر شخص ان کے کلام سے لطف اندوز ہوتا تھا۔ | |
| 1 | ☆ امیر خسرو نے بادشاہوں کی مدح میں قصیدے لکھے اور ان کی فرمائش پر مثنوی بھی لکھی۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 1 | ☆ علاء الدین خلجی کے بیٹے مبارک شاہ خلجی کی فرمائش پر ایک مثنوی (نہہ سپہر) لکھی۔<br>☆ آپ فنِ موسیقی کے ماہر تھے۔ کئی ایجادات بھی کیں۔<br>☆ ہندوستانی اور ایرانی موسیقی کے امتزاج سے نئے سُر ایجاد کئے۔ آپ مختلف سُروں کے مُوجِد کہلائے۔<br>☆ قوالی کی موجودہ طرز ان ہی کی ایجاد ہے۔<br>☆ آعلیٰ موسیقی ستار (سی تار) کی ایجاد کا سہرا ان ہی کے سر ہے۔ موسیقی کی مہارت سے متعلق ایک واقعہ مشہور ہے۔<br>☆ مشہور موسیقار گوپال کو شکست دے کر ''نائک'' کرمرتبہ حاصل کیا۔<br>☆ یہ منصب موسیقی کی فن میں ماہر استاد ہی کو دیا جاتا ہے۔<br>(نوٹ: کوئی چار نکات پر پورے نشانات دیں) | |
| | **درجِ ذیل عبارت کو غور سے پڑھئے اور نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :**<br>عمر خیام ماہر ریاضی دان تھے۔ آپ کی کتاب ''الجبر والمقابلہ'' نے اہل یوروپ کے نزدیک خیام کو ریاضی دان اعظم ہونے کا ثبوت دیا ہے۔ الجبرا میں کافی نئی دریافتیں کیں اور چھ ایسے اصول بیان کئے ہیں کہ اس سے پہلے کسی نے دریافت نہیں کئے تھے۔ الجبرا میں اس کے قابل قدر کارنامہ ''مسئلہ دورقمی'' کی ایجاد کا اصول ہے۔ آپ علمِ ہئیت کے امام تھے۔<br>شمسی سال کی کمال احتیاط سے پیمائش کے بعد پورے سال کی مقدار تین سو پینسٹھ دن پانچ گھنٹے اور انچاس منٹ بتایا۔ 365 دن کو سال کے بارہ مہینوں میں بنا دیا۔ پھر بھی سال میں چھ گھنٹے کی زیادتی آجاتی ہے۔ آپ نے غور و خوص کر کے ہر چوتھے سال کے ایک مہینے میں ایک دن زیادہ کر دیا۔ گویا ہر چوتھا سال 366 دنوں کا ہو گیا۔ اہل | .43 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | عرب ایسے سال کو''کبیہ'' اور اہل ایران''دزدیدہ'' کہتے ہیں۔شمسی تقویم میں''لیپ'' سال کے نام سے مشہور ہے۔ | |
| | سوالات : | |
| | (i) عمر خیام ماہر ریاضی دان ہونے کے ساتھ ان کے ایجاد کا اصول لکھئے۔ | |
| | (ii) عمر خیام نے سال میں چھ گھنٹے کی زیادتی کو کس طرح تقسیم کی اور شمسی تقویم میں کس نام سے مشہور ہے۔ | |
| | جواب : | |
| 2 | (i) عمر خیام کی کتاب''الجبر والمقابلہ'' نے اہل یوروپ کے نزدیک خیام کو ریاض دان اعظم ہونے کا ثبوت دیا ہے۔ الجبرا میں کافی نئی دریافتیں کیں۔اور چھ ایسے اصول بیان کئے۔الجبرا میں اس کے قابل قدر کارنامہ''مسئلہ دورقی'' کی ایجاد کا اصول ہے۔ | |
| 2 | (ii) عمر خیام نے غور وخوص کر کے ہر چوتھے سال کے ایک مہینے میں ایک دن زیادہ کر دیا۔ گویا ہر چوتھا سال 366 دنوں کا ہو گیا۔شمسی تقویم''لیپ'' سال کے نام سے مشہور ہے۔ | |
| | خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درج ذیل خُطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے : **1 × 5 = 5** | **VII.** |
| | اپنے میر معلّم/معلّمہ کے نام ایک خط لکھئے جس میں اپنی بہن کی شادی میں شرکت کرنے کے لئے تین دن کی چھٹّی کی درخواست کی گئی ہو۔ | 44. |
| | جواب : | |
| 1 | i) شہر کا نام اور تاریخ | |
| 1 | ii) القاب وآداب | |
| 2 | iii) خط کا مضمون ( شادی میں شرکت کے لئے تین دن کی چھٹی ) | |
| 1 | iv) اختتام | |
| | یا | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | اپنے دوست/سہیلی کے نام ایک خط لکھئے جس میں اپنے مدرسے میں منائے گئے سالانہ جلسے کی تقریب کا ذکر کیا گیا ہو۔ | |
| | جواب : | |
| 1 | i) شہر کا نام اور تاریخ | |
| 1 | ii) القاب وآداب | |
| 2 | iii) خط کا موضوع (سالانہ جلسہ کی تقریب) | |
| 1 | iv) اختتام | |
| 1 × 5 = 5 | کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے : | VIII. |
| | (i) تعلیمِ نسواں کی اہمیت (ضرورت) | 45. |
| | جواب : | |
| 1 | تمہید – قول، شعر یا فقرہ | |
| 1 | نفسِ مضمون – (i) تعلیمِ نسواں کی ضرورت | |
| 1 | (ii) قوم اور ملک کی ترقی تعلیمِ نسواں سے | |
| 1 | (iii) حکومت سے ہونے والی خواتین کے لئے سہولیات | |
| 1 | خاتمہ/اختتام – اعادہ/اپنی رائے کا اظہار | |
| | یا | |
| | (ii) چندرایان - 3 ہندوستان کی ترقی/کامیابی کی علامت | |
| | جواب : | |
| 1 | تمہید – قول، شعر یا فقرہ | |
| 1 | نفسِ مضمون – (i) چندرایان ایک مہم | |
| 1 | (ii) چندرایان کی کامیابی | |
| 1 | (iii) چندرایان سے ملک کی پہچان | |
| 1 | خاتمہ/اختتام – اعادہ/اپنی رائے کا اظہار | |